© rasailojaraid.com

انھوں نے اردو ادب کے بعض مسائل سے متعلق اتنا مواد اور اس قدر معلومات یکجا کر دی ہیں کہ اردو زبان و ادب کے طلبا اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مگر افسوس ہے کتاب کتابت اور طباعت کی غلطیوں سے پُر ہے۔

کفالۃ علماً بالعربیۃ : از الاستاذ عبدالحمید نعمانی تقطیع متوسط ضخامت ۸۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت درج نہیں۔ پتہ :۔ معہد ملت۔ مالی گاؤں۔ ناسک

مولانا عبدالحمید نعمانی ہندوستان کے اکابر علماء میں سے ہیں عربی زبان و ادب میں خصوصی مہارت اور اس زبان میں بے تکلف تقریر و تحریر پر قدرت اور اس حیثیت سے مہاراشٹر کی مشہور دینی درسگاہ معہد ملت میں دس بارہ برس سے مبتدی طلباء کو عربی زبان کی تعلیم دینے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ یہ کتاب مولانا کے اسی تجربے کا حاصل ہے۔ آج کل دوسرے فنون کی طرح فن تعلیم بھی بہت ترقی کر گیا ہے سینکڑوں کتابیں اس موضوع پر لکھی جا چکی ہیں اور ہر سال ان میں معتدبہ اضافہ ہوتا رہتا ہے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ یہ کتاب فن تعلیم کے ڈائرکٹ میتھڈ کے مطابق لکھی گئی ہے یعنی بچہ کو کچھ صرف اور کچھ نحو کی تعلیم دی گئی ہے اور ترتیب میں تجسس ذہنی اور الاسہل فالاسہل کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ الفاظ اور جملے بچہ کے ماحول سے لئے گئے ہیں۔ جس جگہ جو بات بتانی ضروری ہے بس وہی بتائی گئی ہے۔ یہ نہیں کہ اس کے ساتھ دوسری غیر متعلق چیزوں کا ذکر کر کے بچے کے دماغ کو بوجھل اور اس کی طبیعت کو متوحش بنایا جائے اس بنا پر یہ کتاب اس لائق ہے کہ دوسرے مدارس اور اسکولوں میں بھی اس سے استفادہ کیا جائے۔

© rasailojaraid.com